شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

14اپریل2023ء

پریس ریلیز

ریاستی اداروں کی کھلی جنگ اور معاشی بدحالی نے
پاکستان کو تباہی کے کنارے لا کھڑا کیا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): ریاستی اداروں کی کھلی جنگ اور معاشی بدحالی نے پاکستان کو تباہی کے کنارے لا کھڑا کیا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت اور اپوزیشن کا تنازعہ ذاتی دشمنی میں تبدیل ہو چکا ہے حکومت کی عوامی بہبود کی طرف رتی بھر توجہ نہیں۔ عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں معصوم بچے بھوک سے بلک رہے ہیں۔لوگ مفت آٹا حاصل کرنے کی کوشش میں جان کی بازی ہار رہے ہیں بنیادی انسانی حقوق بُری طرح تلف ہو رہے ہیں۔ جس سے ملک افراتفری کا شکار ہو چکا ہے اور دوسری طرف انتظامیہ اور عدلیہ جیسے انتہائی اہم ریاستی اداروں میں کھلی جنگ شروع ہو چکی ہے۔ ملک کی سلامتی کو شدید خطرات لاحق ہو چکے ہیں لہٰذا تمام ریاستی اداروں اور سیاسی جماعتوں کا فرض ہے کہ ذاتی عناد و دشمنی کو چھوڑ کر ملک کے وسیع تر مفاد میں اقدامات اُٹھائیں اور مل کر ایسا لائحہ عمل طے کریں جس سے ملک انتشار سے بچ سکے۔ حقیقت یہ ہے کہ نام نہاد جمہوریت کا مکروہ چہرہ کھل کر سامنے آچکا ہے اس کا کھوکھلا پن مزید واضح ہو چکا ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ نظریۂ پاکستان کو عملی تعبیر دیتے ہوئے پاکستان میں نظامِ خلافت کو قائم کیا جائے تاکہ ملک میں درپیش جملہ مسائل کو حل کیا جا سکے اور ہماری دنیا اور آخرت دونوں سنور جائیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

<u>PRESS RELEASE</u>: Friday 14 April 2023

"The acrimonious battle between state institutions and the economic turmoil have brought Pakistan to the brink of

Lahore (PR): "The acrimonious battle between state institutions and the economic turmoil have brought Pakistan to the brink of disaster."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **<u>Shujauddin Shaikh</u>**, in a statement. The Ameer said that on the one hand the conflict between government and opposition has become a personal grudge of egos. The government is paying no attention to the welfare of the masses. The masses have been crushed by inflation. Innocent children have been stricken by hunger. People are losing lives in queues to obtain free flour. Basic human rights are being violated blatantly. The country is facing widespread chaos. On the other hand, important state institutions viz. judiciary and executive are up in arms against each other. The national security of the country is at stake therefore it is the responsibility of all state institutions and political parties to forego petty resentments, work in the broader interest of the country and chalk out a plan of action to prevent the country from chaos. He said that the fact of the matter is that the real ugly face of democracy has been unmasked and its shallowness has been exhibited. Therefore, the Ameer concluded by asserting that the need of the hour is to establish the genuine Islamic Khilafah in the country so that the troubles facing the country could be resolved and we could be eligible for success in this world and in the Hereafter.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan